**09.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......... ضمیر رضوی

**Music**

---

- ☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھارت کے نظریے مہاساگر میں سیشلز کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے جزیرہ نما ملک کی ترقی میں مدد فراہم کرنے کی خاطر 175ملین ڈالر کے خصوصی اقتصادی پیکیج کا اعلان کیا۔
- ☆ وزیرِ اعظم مودی نے طلباء کو بغیر دباؤ کے امتحانات، ڈسپلن، زندگی کی مہارتوں اور ٹیکنالوجی کے متوازن استعمال کےبارے میں مشورہ دیا۔ انہوں نے یہ مشورے ''پریکشاپہ چرچا'' کے 9ویں ایڈیشن کےدوران دیئے۔
- ☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں مرکزی بجٹ 2026-27پر بحث ہوئی۔ لوک سبھا کی کارروائی کئی بار ملتوی کی گئی۔
- ☆ سپریم کورٹ نے مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی جامع نظرثانی SIR کے عمل کو بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ دستاویزات کی جانچ پڑتال کی آخری تاریخ میں ایک ہفتے کی توسیع دی گئی ہے۔
- ☆ سپریم کورٹ نے مرکز سے کہا ہے کہ ڈجیٹل دھوکہ دہی کے معاملات سے نمٹنے کیلئے معیاری طریقۂ کار SOP تیار کیا جائے۔
- ☆ اور بھارتی نشانے بازوں نے نئی دلّی میں ایشیائی رائفل اور پسٹل چمپئن شپ میں خواتین کے 25میٹر پسٹل ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Seychelles Press Meet**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سیشلز کیلئے 175ملین ڈالر کے خصوصی اقتصادی پیکیج کا اعلان کیا۔ سیشلز کے صدر ڈاکٹر Patrick Herminie کے ساتھ نئی دلّی میں میٹنگ کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے کہا کہ یہ خصوصی اقتصادی پیکیج، سوشل ہاؤسنگ، ای–موبیلٹی، پیشہ ورانہ تربیت، صحت، دفاع اور سمندری سلامتی کے شعبوں میں معاون ثابت ہوگا۔

**SB - 1400- PM Package**

بھارت اور سیشلز نے صحت، موسمیات، الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی اور بہتر حکمرانی سمیت مختلف شعبوں

میں 7 مفاہمت ناموں پر دستخط بھی کیے۔اس موقع پر وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت اور سیشلز صرف جغرافیائی اعتبار سے نہیں بلکہ تاریخ، باہمی اعتماد اور مستقبل کے مشترکہ وژن سے بھی وابستہ ہیں۔

نئی دلّی میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے، خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ بھارت، سیشلز کے ساتھ اپنے تعلقات کو ایک مضبوط ترقیاتی شراکت داری کے طور پر دیکھتا ہے، جس میں صلاحیت سازی، بحری معیشت کے اقدامات، صحت کی سہولتیں اور سمندری سلامتی شامل ہیں۔ جناب مسری نے کہا کہ سیشلز ایک سمندری ہمسایہ اور قابل اعتماد شراکت دار ہے اور بھارت کے وژن مہاساگر میں اِسے خصوصی مقام حاصل ہے۔

**SB - 2045 Vikram Misri on Package**

سیشلز کے صدر ڈاکٹر **Patrick Herminie** نے کہا کہ ان کا یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی اور باہمی احترام کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے آج نئی دلّی میں سیشلز کے صدر سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ ملاقات کے دوران دونوں فریقوں نے سمندری سلامتی، قابلِ تجدید توانائی اور اعلیٰ تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں اشتراک اور تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Aman**

بھارت— سیشلز نے دونوں ملکوں کی متعلقہ طاقت کو اجاگر کیا اور تعلقات کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے بہتر رابطوں کے ذریعہ استحکام، اقتصادی ترقی اور سکیورٹی کیلئے ایک مشترکہ وژن کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعظم مودی اور صدر **Herminie** نے دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کو گہرا کرنے اور پارلیمانی تبادلوں کو بڑھانے پر اتفاق کیا، جس میں پارلیمانی کارروائیوں پر بہترین طریقہ کار اور صلاحیت سازی شامل ہے۔ انھوں نے سیشلز کی جانب سے زیادہ مشترکہ **Hydrographic** سروے منعقد کرکے اُس کی بحری معیشت کی ترقی کو بڑھانے میں کی جانے والی کوششوں میں مدد کیلئے **Hydrographic** کے شعبہ میں دوطرفہ تعاون پر بھی اتفاق کیا ہے۔

دونوں ممالک کے گہرے تاریخی تعلقات کو تسلیم کرتے ہوئے دونوں رہنماؤں نے سیشلز کی معیشت اور بنیادی ڈھانچے میں بھارتی پیشہ وروں کے تعاون کو بھی سراہا۔دونوں رہنماؤں نے ثقافت، سیاحت، تعلیم اور نوجوانوں کی شمولیت کے شعبوں میں ادارہ جاتی تعاون پر اتفاق کیا۔

فریقین نے اس بات پر اعتماد کا اظہار کیا کہ جو بھی فیصلے آج لئے گئے ہیں، وہ دو طرفہ شراکت داری کو مضبوط بنائیں گے اور دونوں ملکوں کے شہریوں کو متعدد فائدے بھی پہنچائیں گے۔

دلّی سے امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

**PM PPC**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ''پریکشا پہ چرچا'' کے 9ویں ایڈیشن کے دوران طلباء سے بات چیت کی۔ آج جاری کردہ دوسری ویڈیو میں، وزیرِ اعظم نے طلباء سے امتحانات کے دوران ذہنی دباؤ اور بے چینی پر قابو پانے کے

طور طریقوں پر بات کی۔ انہوں نے طلباء کو امتحانات سے آگے دیکھنے، زندگی کی مہارتوں، کھیل کود، تخلیقی صلاحیت اور ذاتی ترقی پر توجہ دینے کی بھی ترغیب دی۔وزیرِ اعظم نے طلباء کو چھوٹے اسٹارٹ اپس سے اپنا کاروباری سفر شروع کرنے کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ بڑے خیالات اکثر چھوٹی شروعات سے جنم لیتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ڈسپلن کے بغیر محض ترغیب، بے اثر ہوتی ہے۔

**SB - 1400 - Pm Inspiration Motivation**

تعلیم اور شوق کے درمیان توازن برقرار رکھنے کے بارے میں، وزیرِ اعظم نے کہا کہ طلباء کو تعلیم اور تخلیقی سرگرمیوں کو الگ یا ایک دوسرے کے مخالف نہیں سمجھنا چاہیے۔ وزیرِ اعظم نے Civic ذمہ داری کی اہمیت پر بھی زور دیا۔x

## LS Adjourn

لوک سبھا کی کارروائی اپوزیشن کی جانب سے شور وغل اور ہنگامہ آرائی کے بعد دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ دوسری مرتبہ ملتوی ہونے کے بعد جب دوپہر دو بجے ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تب پریزائڈنگ افسر نے مرکزی بجٹ 2026-27 پر بحث کرانے کی کوشش کی اور کانگریس رُکن پارلیمنٹ ششی تھرور کو بولنے کی دعوت دی۔ تاہم جناب تھرور نے صدرنشین سے درخواست کی وہ اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی کو بولنے کا موقع دیں جو مباحثے سے قبل دوسرے موضوع پر بولنا چاہتے تھے۔

جناب گاندھی نے الزام لگایا کہ دیگر سینئر کانگریس اراکین کے ہمراہ اسپیکر کے ساتھ میٹنگ میں یقین دہانی کے باوجود اُنھیں بجٹ مباحثے سے پہلے بولنے کی اجازت نہیں دی گئی۔اِس دوران صدرنشین نے کانگریس اراکین سے درخواست کی کہ وہ بجٹ پر مباحثہ جاری رہنے دیں۔ صدرنشین کی جانب سے بار بار اپیلوں کے باوجود مرکزی بجٹ پر بحث نہیں ہوسکی۔ شور و غل اور ہنگامہ آرائی کے درمیان پریزائڈنگ افسر نے ایوان کی کارروائی کل صبح گیارہ بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔x

## RS Budget

راجیہ سبھا نے مرکزی بجٹ 2026-27 پر بحث شروع کی۔ بحث کی شروعات کرتے ہوئے کانگریس رکن پارلیمنٹ پی چدمبرم نے بھارتی معیشت کی شرح نمو پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ سال 2023-24 میں Nominal شرح نمو 12 فیصد تھی جبکہ سال 2024-25 میں یہ گھٹ کر 9 اعشاریہ آٹھ فیصد ہوگئی ہے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے BJP رکن پارلیمنٹ اُرُن سنگھ نے کہا کہ بجٹ کا حجم تین گنا ہوگیا ہے اور یہ 53 لاکھ کروڑ روپئے ہوگیا ہے، جبکہ UPA دورِ اقتدار میں یہ محض 16 لاکھ کروڑ روپئے تھا۔ TMC کی سشمتا دیو، DMK کے پی وِلسن، CPIM کے اے اے رحیم، JDU کے سنجے کمار جھا اور ایوان کے دیگر اراکین نے بھی بحث میں حصہ لیا۔ بحث بے نتیجہ رہی۔راجیہ سبھا کا کام کاج مکمل ہونے کے بعد ایوان کی کارروائی کل صبح گیارہ بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

## Shah Cyber Fraud Address

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کل نئی دلّی میں سائبر فراڈ اور اُس کے ایکونظام سے نمٹنے سے متعلق قومی کانفرنس میں کلیدی خطبہ پیش کریں گے۔ جناب شاہ اس موقع پر مرکزی جانچ بیورو، CBI کی نئی سائبر جرائم برانچ کا افتتاح کریں گے اور وزارت کے انڈین سائبر کرائم کوآرڈی نیشن سینٹر، I4C کے S4C ڈیش بورڈ کا آغاز بھی کریں گے۔ اِس دو روزہ کانفرنس میں مرکزی اور ریاستی قانون ساز ایجنسیوں، ٹیلی مواصلات کے محکمے، اقتصادی خدمات کے محکمے اور بھارت ریزرو بینک کے سینئر افسران اور ماہرین شرکت کریں گے۔x

## SC WB SIR

سپریم کورٹ نے مغربی بنگال SIR کیس میں اعتراضات داخل کرنے کی مدت میں 14 فروری سے ایک ہفتے کی توسیع کے احکامات دیئے ہیں۔ بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوائے مالیہ باگچی اور جسٹس این وی اَنجاریہ پر مشتمل بینچ نے ریاست کو یہ بھی حکم دیا کہ وہ SIR کا عمل انجام دینے کیلئے گروپ بی افسران دستیاب کرائیں جو کمیشن کی جانب سے تعینات مائیکرو آبزرورز کی جگہ لیں گے۔ عدالت نے یہ بھی واضح کیا کہ دعوؤں اور اعتراضات پر آخری احکامات صرف الیکٹورل رجسٹر افسران کے ذریعے ہی جاری کئے جاسکتے ہیں اور مائیکرو آبزرورز صرف اُن کی مدد کرسکتے ہیں۔عدالت نے ریاست کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس کو بھی ہدایت دی کہ وہ SIR افسران کے خلاف تشدد اور دھمکیوں کو روکنے میں ناکامی سے متعلق بھارت کے انتخابی کمیشن کی جانب سے ظاہر کی گئی تشویش کے جواب میں ذاتی حلف نامہ داخل کریں۔ سپریم کورٹ نے مزید کہا کہ وہ کسی کو بھی اِس عمل میں رکاوٹ ڈالنے کی اجازت نہیں دے گا۔ سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ وہ اِس معاملے میں ہر طرح کے ضروری احکامات یا وضاحتیں جاری کرے گا۔x

## Income Tax Rule

انکم ٹیکس کے نئے ضابطے 2026، جن کا مارچ کے پہلے ہفتے میں نوٹیفائی ہونے کا امکان ہے، اس سال یکم اپریل سے نافذ العمل ہوں گے۔ براہ راست ٹیکسوں کے مرکزی بورڈ CBDT کے ذرائع نے بتایا ہے کہ یہ نئے ضابطے، انکم ٹیکس ضوابط 1962 کی جگہ لیں گے۔نئے ضابطوں کا مقصد ٹیکس دہندگان کی تعداد میں اضافہ کرنا اور ٹیکس کی ادائیگی کے عمل کو آسان بنانا ہے۔ محکمے نے اس سے قبل ضابطوں کے مسودے جاری کیے تھے اور اس مہینے کی 22 تاریخ تک متعلقہ فریقوں سے تجاویز اور تبصرے طلب کیے تھے۔ پہلے انکم ٹیکس سے متعلق ضابطوں کی تعداد 511 تھی، جسے نئے انکم ٹیکس ضابطے 2026 میں کم کرکے 333 کردیا گیا ہے۔x

## Niti Ayog Reports

نیتی آیوگ نے آج تین موضوعات پر مطالعاتی رپورٹیں جاری کیں۔ یہ موضوعات ہیں :وکست بھارت کا منظرنامہ اور نئی دلّی میں صفر کاربن اخراج، مجموعی نقشِ راہ پر توجہ اور میکرو اکنامک مضمرات اور مالیاتی ضرورتیں۔

اجرا کے دوران، چیف اقتصادی مشیر ڈاکٹر وی اننتھا ناگیسورَن نے اِن رپورٹوں کو وکست بھارت کے وژن کی تکمیل کی جانب اہم راستہ قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ اقتصادی سروے 26-2025 کے مطابق توانائی کی منتقلی، بھارت کے طویل مدتی ترقیاتی لائحۂ عمل کا کلیدی ستون بنی رہے گی۔ ڈاکٹر ناگیسورَن نے کہا کہ یہ رپورٹیں، مستقبل میں ملک کی ترقی کے پیمانے طے کریں گی۔ جناب ناگیسورَن نے مرکزی بجٹ 27-2026 میں وضع کی گئیں امنگوں اور آرزوؤں کے مطابق مینوفیکچرنگ صلاحیتوں کے استحکام کی اہمیت کو اجاگر کیا۔x

S/B Nageswaran

## SC Cyber Fraud

سپریم کورٹ نے آج مرکز سے کہا ہے کہ وہ ڈیجیٹل دھوکہ دہی کے معاملات سے نمٹنے کیلئے RBI، بینکوں اور ٹیلی مواصلات کے محکمے جیسے متعلقہ اداروں کی مشاورت سے ایک معیاری طریقۂ کار تیار کرے۔ عدالت عالیہ نے ڈیجیٹل دھوکہ دہی کے ذریعے 54 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم نکالے جانے کو کھلی لوٹ مار یا ڈاکہ زنی قرار دیا۔سپریم کورٹ نے ڈیجیٹل Arrest کی دھوکہ دہی کے بڑھتے ہوئے خطرے پر شدید تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ بینکوں کو ساتم دھوکہ دہی کی روک تھام کیلئے سرگرم رول ادا کرنا چاہیے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس Joymalya باگچی اور جسٹس NV Anjaria پر مشتمل بنچ نے کہا کہ جب ایسے کھاتوں میں غیر معمولی اور بڑی رقم کا لین دین ہو، جو عام طور پر چھوٹی رقم کیلئے استعمال ہوتے ہیں، تو بینکوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ صارفین کو خبردار کریں۔سپریم کورٹ نے ریزرو بینک آف انڈیا، ٹیلی مواصلات کے محکمے اور دیگر متعلقہ اداروں سے بھی کہا کہ وہ مل کر ڈیجیٹل Arrest کے معاملات میں معاوضے کیلئے ایک فریم ورک تیار کریں۔x

## Mizoram Train

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آسام کے سِلچر اور میزورم کے Sairang کو جوڑنے والی نئی مسافر ٹرین خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس موقع پر جناب ویشنو نے گواہاٹی ریلوے اسٹیشن پر ضیافت خدمات کا بھی افتتاح کیا۔ یہ نئی ٹرین ہفتے میں پانچ دن چلے گی، جس سے میزورم اور آسام کے درمیان ریل کنکٹی ویٹی میں بہتری آئے گی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میزورم کے وزیر اعلیٰ لالڈوہوما نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ایکٹ ایسٹ پالیسی کے تحت میزورم اور شمال مشرقی خطے میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی نے خاطر خواہ رفتار حاصل کی ہے۔x

## Shooting Championship

نشانے بازی میں، ایشا سنگھ، منوبھاکر اور Rhythm Sangwan پر مشتمل بھارتی ٹیم نے آج نئی دلّی میں ایشیائی رائفل / پسٹل چمپئن شپ میں خواتین کے 25 میٹر پسٹل ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ بھارتی ٹیم نے مجموعی طور پر ایک ہزار 751 پوائنٹس کے ساتھ پہلا مقام حاصل کیا۔ چینی تائپے نے ایک ہزار 735 پوائنٹس کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا، جبکہ ویتنام نے ایک ہزار 729 پوائنٹس کے ساتھ کانسے کا تمغہ جیتا۔ اس دوران،

خواتین کے **25** میٹر پسٹل انفرادی مقابلے میں منو بھاکر نے چاندی کا تمغہ جیتا۔ وہ **Shoot-off Tie-Break** میں ویتنام کی **Thuy Trang Nguyen** کے خلاف ایک بے حد دلچسپ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتنے سے رہ گئیں۔ دونوں نشانے باز **35** پوائنٹس کے ساتھ برابر تھیں۔ **Nguyen** نے دو شوٹ آف کے بعد منو بھاکر کو شکست دے کر سونے کا تمغہ حاصل کرلیا۔ ایشا سنگھ نے بھی **30** پوائنٹس کے ساتھ کانسے کا تمغہ جیتا اور بھارت کے تمغوں کی تعداد میں اضافہ کیا۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆